
© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تبصرہ کتب



درس قرآن مجید | مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب زادمجدہم ۔ ترتیب :۔ محمد عثمان غنی بی اے

صفحات ۔ پہلا حصہ ۲۲۴ ۔ دوسرا حصہ ۲۲۸ ۔ تیسرا حصہ ۳۲۶ ۔ چوتھا ۲۵۶ ۔ پانچواں حصہ ۲۴۰
چھٹا حصہ ۲۴۴ ۔ ساتواں حصہ ۳۵۲ ۔ قیمت مکمل سیٹ ۱۲۵ روپے ۔ پتہ ۔ دارالارشاد، مدنی روڈ ۔ اٹک شہر

حضرت مولانا حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ کے شاگرد اور حضرت لاہوری قدس سرہٗ کے خلیفہ مجاز حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی کی فیض رساں شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں ۔ وعظ و تلقین اور درس و تدریس علمار حقہ کی روح اور غذا کا درجہ رکھتے ہیں ۔ وہ علوم و معارف کو لٹا کر سرخرو اور شاداں و فرحاں نظر آتے ہیں ۔

حضرت قاضی صاحب اپنے اسلاف اکابر کی طرز پر ملک کے مختلف مقامات پر درس قرآن و حدیث دیتے ہیں ۔ آپ کے حلقۂ دروس میں انوار القرآن لالہ رخ، واہ آرڈیننس فیکٹری، واہ کینٹ کا درس اس اعتبار سے ممتاز اور منفرد ہے کہ ۶۴ء سے شروع ہو کر روز بروز ترقی پذیر ہے اور اس کی کئی ایک شاخیں قائم ہو چکی ہیں ۔ یہ درس ہر انگریزی ماہ کے آخری اتوار اور اب جمعہ کو ہوتا ہے ۔ اس علمی سرمایہ کو ٹیپ کی مدد سے نقل کر کے کتابی شکل دی جا رہی ہے ۔ جس کی بحمداللہ ۲۵ جلدیں مکمل ہو چکی ہیں جن میں سے ۱۰ زیور طبع سے آراستہ ہو چکی ہیں اور باقی پر کام جاری ہے

یہ درس عوام و خواص سب کے لئے یکساں مفید ہے چونکہ یہ عوامی درس ہے اور مقصد وعظ و تذکیر ہوتا ہے اس لئے اس میں علمی مباحث کم ہوتے مگر کوشش یہ کی گئی ہے کہ ارشادات الٰہیہ کو عام فہم انداز میں پیش کیا جائے و رسبق پڑھانے کے انداز میں بعض جگہ ایک بات کو دہرایا بھی گیا ہے اگرچہ یہ تصنیفی رنگ نہیں مگر تدریس میں یہ انداز بے حد مفید ثابت ہوا ہے کہ کم استعداد والے بھی اس سے مستفید ہوتے ہیں ۔

ہمارے خیال میں ان علوم و فیوض کی زیادہ سے زیادہ اشاعت ہو اور ائمہ و خطبا حضرات اور دینی و علمی انجمنوں کے احباب نہ صرف خود ان کا مطالعہ کریں بلکہ ان کے عمومی درس و تدریس کا انتظام کریں جس سے انشاء اللہ امت کی علمی، عملی، اخلاقی اصلاح کے ساتھ ساتھ اکابر علمار حقہ کے ساتھ تعلق پیدا ہو جائے گا ۔ امید ہے کہ اہل ذوق اس گراں قدر سرمایہ کی قدردانی کریں گے ۔



© rasailojaraid.com